SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر VIII مجریہ ۱۹۸۹

SINDH ACT NO.VIII OF 1989

سندھ کوآپریٹو سوسائٹیز (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH CO-OPERATIVE SOCIETIES (AMENDMENT) ACT, 1989

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۲۵ کے سندھ ایکٹ III میں دفعہ 17-B کا اضافہ
Insertion of section 17-B in Sindh Act III of 1925

سندھ ایکٹ نمبر VIII مجریہ ۱۹۸۹

SINDH ACT NO.VIII OF 1989

سندھ کوآپریٹو سوسائٹیز (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH CO-OPERATIVE SOCIETIES (AMENDMENT) ACT, 1989

[۲۴ مئی ۱۹۸۹]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۲۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ کوآپریٹو سوسائٹیز (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۲۵ کے سندھ ایکٹ III میں دفعہ 17-B کا اضافہ

Insertion of section 17-B in Sindh Act III of 1925

۲۔ (۱) سندھ کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ، ۱۹۲۵ میں، دفعہ 17-A کے بعد مندرجہ ذیل طریقے سے اضافہ کیا جائے گا:

"17-B، ہاؤسنگ سوسائٹی میں مفاد کی منتقلی۔ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کا ایک میمبر یا ایک سوسائٹی جو ہاؤسنگ ڈولپمنٹ میں دیل کرتی ہو وہ سوسائٹی کی میمبر نہیں رہے گی اس صورت میں جب اس کے سارے مفاد سوسائٹی میں غیر منقولہ جائیداد میں کسی دوسرے شخص کے نام پر فروخت، وارثی، تحفے یا دیگر صورت میں منتقل کیئے جائیں اور ایسے فوائد حاصل کرنے والا شخص قواعد کے تحت، ایک میمبر تسلیم کیا جائے گا:

بشرطیکہ یہ کہ جہاں ایک سے زائد لوگ فائدہ حاصل کر رہے ہوں، ایسے لوگوں میں باہمی اتفاق سے ہو، وہ باقی نہ رہنے پر عمر میں بڑا شخص میمبر تسلیم کیا جائے گا، جس کو ووٹ کا حق حاصل ہوگا، جب

کہ دوسرے لوگ ایسے حق کے علاوہ میمبر ہوں گے:
بشرطیکہ مزید یہ کہ جہاں نابالغ یا ذہنی طور پر معذور شخص، مفاد حاصل کرتا ہے، نابالغ کا فطری یا قانونی سنبھالنے والا، یا جیسے بھی معاملہ ہو، وہ شخص جو معذور سے وابسطہ ہو وہ میمبر تسلیم کیا جائے گا اور وہ میمبر شپ نابالغ کی طرف تب منتقل کی جائے گی جب وہ نابالغ بالغ ہو جائے یا اس معذور شخص کی معذوری ختم ہو جائے۔"۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔